دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (تاریخ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2020

## PhD (History) Entrance Test - 2020

### Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

نمبرات : 100

وقت : دو گھنٹے

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

.1 اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

.2 یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہیں۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

.3 اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

.4 امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

.5 اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

.6 غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

.7 انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

## حصہ اول (Part A)

1. آثار قدیمہ کے مندرجہ ذیل مٹی کے برتنوں (Potteries) کو سلسلہ وار (پرانے سے نئے) طریقہ سے نکالیں۔

(A) OCP, BRW, PGW, NBPW
(B) PGW, OCP, NBPW, BRW
(C) BRW, NBPW, PCW, OCP
(D) OCP, BRW, NBPW, PGW

2. مندرجہ ذیل آرکیولوجسٹ (Archaeologist) نے گجرات میں لوتھل کی کھدائی (Excavation) کو انجام دیا۔

(A) آر۔ڈی۔ بنرجی
(B) دیارام سہانی
(C) ایس۔آر۔راؤ
(D) اس۔ڈی سنکالیا

3. سام وید میں کتنے آیات (Hymns) ہیں۔

(A) 1028
(B) 1128
(C) 1610
(D) 1810

4. مندرجہ ذیل میں کون اسمرتی (Smriti) ادب کا حصہ نہیں ہے۔

(A) مہابھارت
(B) پُران
(C) جاتک
(D) ویدانگ

5. 16 مہاجن پدوں میں انگا (Anga) مہاجن پد کو موجودہ ہندوستان کے کس علاقے سے منسوب کیا جاتا ہے۔

(A) بھاگلپور۔منگیر
(B) گیا۔پٹنہ
(C) ویشالی
(D) بندیل کھنڈ

6. مندرجہ ذیل میں کس مذہبی رہنما کا تعلق اجیوک (Ajivika) سے تھا۔

(A) مکالی پوتا تیسا
(B) مکھالی کوسالا
(C) مہاکسپا
(D) ریشبھ

7. سشروت سمہیتا (Sushruta Samhita) کے دستاویز (Text) قدیم ہندوستان کے کس پہلو کو جاننے کا اہم ماخذ ہے۔

(A) علم نجوم
(B) علم ریاضی
(C) علم طبیعیات
(D) دھرم شاستر

8. بدھ مذہبی اجلاس کو ترتیب وار (Chronological Order) لگائیے۔

I- ویشالی　II- راجگیر　III- کشمیر　IV- پاٹلی پترا

(A) I, II, IV, III　(B) II, I, IV, II

(C) III, II, I, IV　(D) I, IV, II, III

9. مندرجہ ذیل حکمرانوں میں سے کس حکمراں نے اپنے سکوں پر گوتم بدھ کی تصویر کندہ کروائی تھی۔

(A) اشوک　(B) گوتمی پتر شتکرنی

(C) بندوسار　(D) کنشک

10. مشہور شہر مہابلی پورم کی بنیاد کس پلاوا بادشاہ نے رکھی تھی۔

(A) نندی ورمن اول　(B) نرسمہا ورمن اول

(C) راجندر اول　(D) اپراجتا ورمن

11. پریاگ پرشستی میں کس بادشاہ کو طاقت الٰہی (Divine Force) کی طرح زمین پر بتایا جا رہا ہے۔

(A) اشوک　(B) چندر گپت

(C) سمندر گپت　(D) ہرش وردھن

12. گُپت دور میں ''بھکتی'' کا انتظامیہ کس افسر کے ہاتھ میں تھا۔

(A) اُپاریکا　(B) کمار متیا

(C) وشیہ پتی　(D) لوک پال

13. ریاست (State) کو ہندوستانی دستاویز (Text) میں سب سے پہلے کہاں بیان کیا گیا ہے

(A) ارتھ شاستر　(B) پُران

(C) مہابھارت　(D) جاتک

14. سانچی کا استوپ (Stupa) کس دور کی فن تعمیر کی عکاسی کرتا ہے۔

(A) موریہ　(B) گپتا

(C) ستواہنا　(D) کشان

15. مندرجہ ذیل بادشاہوں کو ان کے خاندان کے ساتھ ملائیں۔

I- ناہاپان　A- راشٹرکوٹ

II- وشستی پتر پلوماوی　B۔ پچھمی چھترپ

III۔ دانتی درگا    C- ساتواہنا

IV- پولاکسن ۔I    D- چالوکیا

(A) I-A, II-B, III-C, IV-D    (B) I-B, II-A, III-D, IV-C

(C) I-B, II-C, III-A, IV-D    (D) I-D, II-C, III-A, IV-B

16. چھٹی اور ساتویں صدی عیسوی کی علم نجوم اور علم ریاضی کی مشہور کتاب برہماسپوٹا سیدانت (Brahmasputasidhanta) کے مصنف کا نام بتائیں

(A) برہما گپت    (B) بھاسا

(C) آریہ بھٹ    (D) برہماداس

17. ''گنگائی کونڈہ چولا'' کا لقب چولا کے کس بادشاہ نے لگایا تھا۔

(A) راجندر اول    (B) راجا راجا اول

(C) سندر چولا    (D) راجندر دوم

18. لنگائیت تحریک کی شروعات کس نے کی اور یہ ہندوستان کے کس علاقے سے شروع ہوئی۔

(A) شنکر چاریہ۔تامل ناڈو    (B) بسوا۔کرناٹک

(C) سنکارا۔کیرلا    (D) رامانوج۔اترپردیش

19. بیارم ٹینک کتبات کس دورحکومت سے منسلک ہے۔

(A) چالوکیا    (B) چولا

(C) کاکتیہ    (D) وجے نگر

20. مندرجہ ذیل کتابوں کو ان کے مصنف کے ساتھ ملائیں۔

I- حسن نظامی    A- تاریخ فیروز شاہی

II- ضیاالدین برنی    B- تاریخ مبارک شاہی

III- منہاج سراج    C- طبقات ناصری

IV- یحیٰ سرہندی    D- تاج المآثر

(A) I-D, II-A, III-C, IV-B    (B) I-C, II-D, III-B, IV-A

(C) I-D, II-A, III-D, IV-C    (D) I-C, II-A, III-D, IV-B

21. عصامی نے اپنی کتاب ''فتوح السلاطین'' کس سلنت میں لکھی تھی۔

(A) جونپور سلطنت    (B) تغلق سلطنت

(C) بہمنی سلطنت    (D) عادل شاہی سلطنت

22. بنگال کا گورنر تغریل کی بغاوت دہلی سلطنت کے کس سلطان کے دورعہد میں ہوئی جس میں تغریل کو شکست ہوئی۔

(A) التمش
(B) رضیہ
(C) نصیرالدین محمود
(D) بلبن

23. قاضی مغیث دہلی سلطنت کے کس سلطان کے دربار سے منسلک رہے۔

(A) التمش
(B) بلبن
(C) علاءالدین خلجی
(D) محمد بن تغلق

24. دہلی سلطنت میں تخت جانشین کی لڑائی میں شاہی خاندان کی خاتون 'شاہ ترخاں' کا اہم کردار کب دیکھنے کو ملتا ہے۔

(A) التمش کے انتقال کے بعد
(B) نصیرالدین کے انتقال کے بعد
(C) بلبن کے انتقال کے بعد
(D) علاءالدین خلجی کے انتقال کے بعد

25. محمد بن تغلق نے اپنی ٹوکن کرنسی (Token Currency) کس دھات (Metal) سے بنوائی تھی۔

(A) سونا
(B) چاندی
(C) کانسہ (Bronze)
(D) پیلن

26. مندرجہ ذیل میں علاقائی سلطنت اور ان کے بانی کو صحیح ترتیب میں لگائیں۔

I- جونپور سلطنت — A- الیاس شاہ
II- مالوا سلطنت — B- حسن گنگو
III- بنگال سلطنت — C- دلاور خاں گوری
IV- بہمنی سلطنت — D- ملک سرور

(A) I-D, II-C, III-A, IV-B
(B) I-C, II-D, III-A, IV-B
(C) I-D, II-B, III-C, IV-A
(D) I-B, II-C, III-A, IV-D

27. جلال الدین احسن شاہ کس علاقائی سلطنت کا بانی تھا۔

(A) خاندیش
(B) قطب شاہی
(C) مدورائی
(D) نظام شاہی

28. مندرجہ ذیل عمارتوں کو ان کے سلطنت کے ساتھ ملائیں۔

I- ادینا مسجد — A- گجرات سلطنت
II- اٹالا دیوی — B- بنگال سلطنت
III- لال دروازہ — C- عادل شاہی بیجاپور
IV- گول گنبد — D- جونپور سلطنت

(A) I-D, II-B, III-A, IV-A (B) I-A, II-D, III-A, IV-C

(C) I-B, II-D, III-A, IV-C (D) I-C, II-B, III-A, IV-D

29. مشہور صوفی پیر بودھن جو موسیقی کے بھی بہت بڑے شیدائی تھے ان کا تعلق کس علاقائی سلطنت سے تھا۔

(A) گجرات سلطنت (B) جونپور سلطنت

(C) مالوا سلطنت (D) بہمنی سلطنت

30. مندرجہ ذیل میں سے کون سا پیشہ دور مغلیہ کے زرعی پیشہ (Agriculture Profession) سے منسلک نہیں ہے۔

(A) بانیک (Banik) (B) رعیت (Rayyat)

(C) پاہی (Pahi) (D) دھانی (Dhani)

31. مندرجہ ذیل میں کون مشہور عالم اکبر اور جہانگیر دونوں کے دربار سے منسلک تھے۔

(A) ابوالفضل (B) عبدالقادر بدیوانی

(C) شیخ احمد سرہندی (D) شیخ بیاز بیستمی

32. مغل شہزادی ارجمند بانو بیگم کی شادی کس مغل بادشاہ سے ہوئی تھی۔

(A) شاہ جہاں (B) اورنگ زیب

(C) داور بخش (D) دارا

33. مندرجہ ذیل میں سے کون اکبر کے دربار میں وکیل کے عہد پر فائز نہیں تھے۔

(A) منیم خان (B) بیرم خان

(C) اتکا خان (D) عبدالرحیم خان خانان

34. مندرجہ ذیل میں کس کا تعلق مغل دور کے پینٹنگ (Painting) سے نہیں ہے۔

(A) عبدالصمد (B) استاد عیسیٰ

(C) منصور (D) انوپ چتر

35. منصب داری نظام میں دو اسپہ/سہ اسپہ کی شروعات کس مغل بادشاہ نے کی تھی۔

(A) اکبر (B) جہانگیر

(C) شاہ جہاں (D) اورنگ زیب

36. داور بخش کس مغل شہزادے کا بیٹا تھا۔

(A) خسرو (B) پرویز

(C) دارا (D) مراد

37. مندرجہ ذیل کا صحیح جوڑ لگائیں۔

I- چمپارن ستیہ گرہ — 1918 -A

II- احمد آباد میل اسٹرائک — 1917 -B

III- جلیان والا باغ — November 1919 -C

IV- خلافت تحریک — April 1919 -D

(A) I-B, II-A, III-C, IV-D
(B) I-A, II-B, III-C, IV-C
(C) I-B, II-A, III-D, IV-C
(D) I-A, II-B, III-C, IV-D

38. مغل کے زوال پر 'Great Firm Theory' کس مورخ سے منسوب کیا جاتا ہے۔

(A) M.N. Pearson
(B) J.F. Richard
(C) Karen Leonard
(D) C.A. Bayly

39. امیر پائیگاہ (Amir Paigah) کس ریاستی حکومت کے بادشاہوں کے حفاظتی دستہ ہوا کرتے تھے۔

(A) اودھ کے نواب
(B) حیدرآباد کے نظام
(C) پنجاب کے سکھ بادشاہ رنجیت سنگھ
(D) میسور کے حیدر علی اور ٹیپو سلطان

40. مغل بادشاہ جہاندار شاہ کا وزیر کون تھا۔

(A) ذوالفقار خان
(B) عبداللہ خان
(C) حسین خان
(D) نظام الملک

41. گاندھی جی نے دوسری عالمی جنگ کے دوران Limited Satyagrah کی اپیل کی تھی۔ جو کہ چند مخصوص لوگوں کے لیے تھی۔ یہ ستیہ گرہ کس سال کی گئی تھی۔

(A) October 1939
(B) October 1940
(C) January 1941
(D) October 1941

42. سبھاش چندر بوس نے کانگریس کی قیادت کس سال کی تھی۔

(A) 1938
(B) 1940
(C) 1942
(D) 1944

43. مراٹھا پیشواؤں میں ناناصاحب کے نام سے کس پیشوا کو جانا جاتا تھا۔

(A) باجی راؤ اول
(B) بالاجی باجی راؤ
(C) مادھوراؤ
(D) نرائن راؤ

.44 ٹیپو سلطان کے بارے میں یہ جملے کس مشہور برٹش اعلیٰ عہدہ دار نے لکھا ہے۔ ''کسان اس کے علاقے میں محفوظ تھے اور ان کی محنت کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی تھی اور انہیں انعام بھی بخشا جاتا تھا۔''

(A) سر جان شور (B) لارڈ کرنوالس

(C) جنرل ہیرس (D) اسٹورٹ

.45 1857 کی بغاوت میں لکھنؤ کی قیادت کس کے ہاتھ میں تھی۔

(A) بخت خان (B) حضرت محل

(C) نانا صاحب (D) برجیس قدر

.46 ''اسباب بغاوت ہند'' کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) مولانا ابوالکلام آزاد (B) محمد علی جوہر

(C) سرسید احمد خاں (D) شبلی نعمانی

.47 کانگریس سوشلسٹ پارٹی (Congress Socialist Party) کا قیام کس سال ہوا۔

(A) 1930 (B) 1932

(C) 1934 (D) 1936

.48 ہندوستان کی آزادی کے وقت برطانیہ (British) کے وزیر اعظم کون تھے۔

(A) Clement Attlee (B) Winston Churchill

(C) Baldwin Stanley (D) David Llyod George

.49 1914 میں انگریزی حکومت نے الحلال اور کامریڈ (Comrade) نامی اخباروں کے شائع ہونے پر پابندی لگا دی۔ ان اخباروں کو کون نکال رہے تھے

(A) راجندر پرساد اور حسرت موہانی (B) ایم۔این۔رائے اور بسمل

(C) لوک مانیہ تلک اور صیف الدین (D) مولانا ابوالکلام آزاد اور محمد علی

.50 دوسری پانچ سالہ پلان (1956-1961) میں مندرجہ ذیل میں سے کس شعبہ پر خصوصی توجہ دی گئی۔

(A) زراعت (B) صنعت

(C) زراعت اور گیہوں کی پیداوار (D) آبپاشی و توانائی

# حصہ ب

# (Part B)

51. ''تاریخ ایک فلسفہ ہے جس کو مثالوں کے ذریعہ پڑھا جاتا ہے'' (History is a philosphy teaching by examples) یہ قول کس کا ہے

(A) ہیروڈٹس (Herodotus) (B) تھوسی ڈائڈس (Thucydides)

(C) پولی بیس (Polybius) (D) ٹیسی ٹس (Tacitus)

52. مندرجہ ذیل میں سے کون رومن تاریخ نویسی میں اپنی غیر معمولی خدمات کے لیے مشہور ہے۔

(A) ہیروڈٹس (Herodotus) (B) اسٹاروبو (Strabo)

(C) ٹیسی ٹس (Tacitus) (D) تھوسی ڈائڈس (Thucydides)

53. تاریخ نویسی کی اہمیت پر یہ بات کس ملک کی تاریخ نویسی کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ قدیم زمانے سے ہی وہاں کے منادر اور شاہی گھرانوں کا اپنا ایک آرکیوسٹ (Archivist) ہوتا تھا جو ان کے دستاویزوں کی حفاظت کرتا تھا۔

(A) چینی تاریخ نویسی (B) گریک تاریخ نویسی

(C) عرب تاریخ نویسی (D) ہندوستانی تاریخ نویسی

54. سنگم ادب میں پائے جانے والے اکم (Akam) کے اشعار مندرجہ ذیل میں کس موضوع پر خصوصی توجہ دیتا ہے۔

(A) پیار (B) لڑائی

(C) معاشیات (D) طبیعیات

55. حالانکہ بان بھٹ کی ہرش چرت صحیح معنی میں تاریخی نویسی کی کتاب نہیں مانی جاتی ہے لیکن پھر بھی ان میں کچھ باتیں ایسی ہیں جو تاریخ نویسی کے پس منظر میں کافی اہمیت رکھتی ہے۔مندرجہ ذیل میں سے کون ایسی جانکاری بان بھٹ کی تصنیف کا حصہ نہیں ہے۔

(A) بان بھٹ نے بہت ساری باتیں جو بتائی ہے وہ دوسرے ماخذ سے صحیح ثابت ہوئی

(B) بان بھٹ نے جس طبقے کی بات کی ہے عموماً اس کی جانکاری براہ راست ہے

(C) بان بھٹ کھیتی اور فصل کی جانکاری دیتا ہے

(D) باٹ بھٹ ایک ملک سے دوسرے ملک کے تجارت پر تفصیلی گفتگو کی ہے

56. ''پرتھوی راج وجے'' جو کہ پرتھوی راج چوہان کی ترائن کی پہلی لڑائی 1191 کی جیت پر لکھی ہوئی تاریخی شاعری ہے۔اس کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) جے نکا (Jayanaka) (B) چند بردائی (Chand Bardai)

(C) کلہن (Kalhana) (D) للت دیو (Lalit Dev)

57. کلہن کی راج ترنگنی کشمیر کے کسی بادشاہ کے دور میں لکھی گئی تھی۔

(A) للت دیو (B) ہرش

(C) دیدا (D) چوہان

58. کتاب المغازی اسلامی تاریخ نویسی کی ایک اہم کتاب ہے جس میں اسلام کی فوجی مشنری اوراسلام کی توسیع کے بارے میں تفصیلی جانکاری ملتی ہے۔ اس کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) البلادوری (B) طبری

(C) واقیدی (D) فردوسی

59. کس مورخ نے تاریخ اورعلم حدیث کوجوڑواں (Twins) کہا ہے۔

(A) ضیاءالدین برنی (B) منہاج سراج

(C) ابن خلدون (D) بلادوری

60. مندرجہ ذیل میں کس فلسفی کواسلامک دنیا کا سب سے مشہور فلسفی مانا جاتا ہے جس کے خدمات تاریخ کے ساتھ سماجیات میں بھی غیر معمولی ہے۔

(A) ادریس (B) ابن خلدون

(C) طبری (D) المسعودی

61. اسلامک تاریخ نویسی میں رشیدالدین (1318-1247) کی تصنیف ’جامع تاریخ‘ کس موضوع پرایک اہم ماخذ مانا جاتا ہے۔

(A) حضرت محمد (B) امیر خاندان

(C) عباسی خاندان (D) منگول

62. عہدوسطیٰ میں عربی اور فارسی تاریخ نویسی کس دور میں پروان چڑھی۔

(A) دوراُمیہ (B) دورعباس

(C) دورمغلیہ (D) بیسویں صدی انگریزوں کے دور

63. ’نجات الرشید‘ کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) ابوالفضل (B) نظام الدین احمد

(C) مرزاحیدردرخلق (D) عبدالقادر بدیوانی

64. ’’شاہ جہاں نامہ‘‘ کی تصنیف کوالگ الگ تین مصنفوں نے لکھا ہے۔ مندرجہ ذیل میں کون اس تصنیف کا مصنف نہیں ہے۔

(A) عنایت خاں (B) وارث

(C) حمیدالدین خاں (D) صادق خاں

65. ’برہان مآثر‘ کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) وسیع الدین شیرازی
(B) فریفتہ
(C) علی بن عزیز اللہ تباتبائی
(D) بھیم سین

66. کیول رام کی تصنیف ’’تذکرہ امراء‘‘ مغل تاریخ کے کس پہلو پر روشنی ڈالتی ہے۔

(A) اکبر اور اورنگ زیب کے درمیان امراؤں کی طبقات
(B) جہانگیر کے دور کے ایرانی امراء کی تاریخ
(C) اکبر کے دور کے امراء کی طبقات
(D) اورنگ زیب کے دور کے ہندو امراء کی طبقات

67. مندرجہ ذیل عہد وسطٰی کے اہم ماخذ کو ان کے مصنف کے ساتھ صحیح ترتیب میں لگائیں۔

| | |
|---|---|
| I- ہمایوں نامہ | A- نظام الدین احمد |
| II- تاریخ شیر شاہی | B- گل بدن |
| III- طبقات اکبری | C- خافی خاں |
| IV- منتخب الوباب | D- عباس خاں شیروانی |

(A) I-B, II-A, III-D, IV-C
(B) I-B, II-A, III-D, IV-C
(C) I-A, II-B, III-C, IV-D
(D) I-B, II-D, III-A, IV-C

68. تاریخ نویسی میں (Longue Duree) کا تصور کس نے پیش کیا۔

(A) مارک بلاک (Marc Bloch)
(B) فرنانڈ برادل (Fernand Braudel)
(C) جارج دیوبی(George Dubey)
(D) ٹوینبی (Toynbee)

69. ’’متن سے باہر کوئی حقیقت نہیں ہے‘‘ (There is nothing outside the text) کس کا قول ہے۔

(A) ہیڈن وائٹ(Hyden White)
(B) دریدا (Derrida)
(C) لیوٹارڈ (Loyotard)
(D) فوکو (Foucault)

70. جدید تاریخ نویسی میں بنیادی ماخذ کی اہمیت اور اولیت پر سب سے پہلے کس مورخ نے زور دیا۔

(A) ای۔ایچ۔کار
(B) کارل مارکس
(C) عرفان حبیب
(D) رینکے

71. India Today کا مصنف کون ہے۔

(A) آر۔پی۔دت
(B) اے۔آر۔دیسائی
(C) جواہر لال نہرو
(D) آر۔جی۔بھنڈارکر

72. کارل مارکس نے تاریخی تبدیلی کو سمجھنے میں جدلیات (Dialectics) کا نظریہ کس سے اخذ کیا ہے۔

(A) گیبن
(B) ہیگل
(C) والٹر
(D) رینکے

73. "Discipline and Punish the Birth of a Prison" کا مصنف کون ہے۔

(A) مارک بلاک
(B) میشل فوکو
(C) نوم چومسکی
(D) انٹونیو گرامشی

74. "Base and Super Structure" کا تعلق تاریخ نویسی کے کس مکتبہ فکر سے ہے۔

(A) انالس
(B) اثباتیت پسندی
(C) مارکسی
(D) مابعد جدیدیاتی

75. "History and Theory of Knowledge Production: An Introductory Outline" کا مصنف کون ہے۔

(A) اپیندر سنگھ
(B) راجن گروکل
(C) فرحت حسین
(D) رنبیر چکرورتی

76. مندرجہ ذیل تصانیف کو تاریخ وارانہ ترتیب (Chronological Order) میں بتائیں۔

I- انڈیکا (Indica)
II- اشٹھ دھیائی (Ashtadhyay)
III- ملندپنہو (Milind Panho)
IV- برہت سمہیتا (Brihat Samhita)

(A) III, I, IV, II
(B) IV, II, III, I
(C) III, II, IV I
(D) II, I, III, IV

77. انجمن خواتین اسلام "All India Ladies Conference" کی بنیاد ڈالنے میں مندرجہ ذیل میں کس نے ایک اہم رول ادا کیا تھا۔

(A) سرسید احمد خاں
(B) الطاف حسین حالی
(C) رقیہ سخاوت حسین
(D) سلطان جہاں بیگم

78. مشہور کتاب "Second Sex' کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) Simone De Beauvoir
(B) جیمس مل James Mill
(C) ورجیناولف (Virgina Woolf)
(D) جون۔ڈبلیو۔سکوٹ (Joan W. Scott)

79. "The Origin of the Family, Private Property and State" کے مصنف نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ پدری نظام کی بنیاد نجی ملکیت پر ہے۔اس مصنف کا نام بتائیں۔

(A) گرامشی (Gramsci)
(B) کارل مارکس (Karl Marx)
(C) فریڈرک انجلیز (Friedrich Engles)
(D) جون سکارٹ (Joan Scott)

80. "Sultana's Dream" کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) رقیہ سخاوت حسین
(B) سروجنی نائیڈو
(C) محمدی بیگم
(D) کملا نہرو

81. ٹھکر پھیرو کی تصنیف درویا پرکھشا (Darvya Pariksha) عہدِ وسطیٰ کے کس پہلو کو جاننے کے لیے ایک اہم ماخذ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) فن تعمیر (Architecture)
(B) مسکوکات(Numismatics)
(C) کتبات (Epigraphy)
(D) آثار قدیمہ(Archaeology)

82. D.C. Sircar Epigraphy تاریخ کے کس شعبہ میں اپنی غیر معمولی خدمات کے لیے جانے جاتے ہیں۔

(A) کتبات (Epigraphy)
(B) مسکوکات (Numismatics)
(C) آثار قدیمہ (Archaeology)
(D) آرٹ ہسٹری (Art History)

83. بیڈ دوار کا "Bed Dwarka" کی کھوج ہندوستان کے آثار قدیمہ کس شعبہ کی بڑی کھوج مانی جاتی ہے۔

(A) Field Archaeology
(B) Marine Archaeology
(C) Paleo Archaeology
(D) Botio Archaeology

84. عربی اور فارسی کے کتبات پر مندرجہ ذیل میں کس اسکالر خدمات غیر معمولی مانی جاتی ہے۔

(A) خلیق احمد نظامی
(B) محیب الحسن
(C) زیڈ۔اے۔ڈیسائی
(D) پی۔ایل۔گپتا

85. شاہ نامہ کا مصنف فردوسی کس سلطان کے دربار سے منسلک تھا۔

(A) خارزم شاہ
(B) خلیفہ ہارون الرشید
(C) کوبتگین
(D) محمود غزنی

86. Bhandarkar Oriental Research Institute ہندوستان کے کس شہر میں مقیم ہے۔

(A) ممبئی
(B) پونہ
(C) بنگلور
(D) وڈوڈرا

87. مشہور رسالہ "Indian Antiquary" کی شروعات کس نے کی تھی۔

(A) جیمس برگس (James Burgess)　(B) اے۔کننگھام (A.Cunningham)

(C) جے۔ایل۔مل (J.S. Mill)　(D) جیمس پرنسپ (James Prinsep)

88. خدا بخش اورینٹل لائبریری (Khuda Baksh Orintal Library) کس شہر میں مقیم ہے۔

(A) دہلی　(B) رام پور

(C) علی گڑھ　(D) پٹنہ

89. مندرجہ ذیل میں کس بادشاہ نے اپنے سکوں پر شیو اور پاروتی کی تصویر بنائی تھی۔

(A) اکبر　(B) جہانگیر

(C) ٹیپو سلطان　(D) حیدر علی

90. مندرجہ ذیل کس اسکالر نے مشہور World Heritage Rock Art Site بھیم بید کی کھوج کی۔

(A) ایس۔ڈی۔سانکالیا　(B) آر۔ڈی۔بنرجی

(C) وی۔ایس۔واکنکر　(D) اے۔ایم۔شاستری

91. چوپنیاس (Chopanyas) کس علاقے کے معاشی تاریخ جاننے کے لیے ایک ماخذ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) مہاراشٹرا　(B) راجستھان

(C) گجرات　(D) کشمیر

92. مندرجہ ذیل یورپی سیاحوں میں سے کس نے وجے نگر سے منسلک جانکاری نہیں دی ہے۔

(A) منوچی　(B) نیکیتن

(C) نونیز (Nuniz)　(D) پائس (Paes)

93. ISBN اور ISSN سے متعلق کون سی بات درست ہے۔

(A) ISBN اور ISSN دونوں میں کوئی فرق نہیں

(B) ISBN ہندوستان سے شائع ہونے والی کتابوں میں ہوتا ہے جب کہ ISSN بیرونی ممالک کے شائع ہونے والی کتابوں میں ہوتا ہے۔

(C) ISBN کا استعمال کتابوں میں ہوتا ہے جب کہ ISSN استعمال جرنل کے لیے ہوتا ہے

(D) اوپر دی ہوئی تینوں باتیں درست ہیں۔

94. ISSN میں کتنے عدد (Digits) کا نمبر ہوتا ہے۔

(A) 8　(B) 12

(C) 13　(D) 14

95. حیدرآباد کا مشہور اعلیٰ تعلیمی ادارہ ''جامعہ نظامیہ'' کے بانی کا نام بتائیں۔

(A) سید عبدالحق حسینی (B) انوار اللہ خاں فاروقی

(C) نظام الدین فرنگی محلی (D) شبلی نعمانی

96. مندرجہ ذیل میں سے U.G. C کا موجودہ چیرمین کون ہیں۔

(A) ڈاکٹر اے۔آر۔ جامکھیدکر (B) پروفیسر سمپت امراتونگا

(C) پروفیسر ڈی۔پی۔سنگھ (D) پروفیسر وید پرکاش

97. Atlas of Ancient Indian History کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) آر۔ایس۔شرما (B) عرفان حبیب اور فیض حبیب

(C) بی۔این۔مکھرجی اور رنبیر چکرورتی (D) اپندر سنگھ اور نانجوت لاہری

98. آثار قدیمہ (Archaeology) کے اس شاخ کا نام بتائیں جو زندہ لوگوں کی عادات و اطوار کا مطالعہ اس لیے کرتے ہیں تا کہ ان مواد کو سمجھ سکے جو قدیم لوگوں سے متعلق کھدائی میں دریافت ہوتی ہے۔

(A) Ethno-Archaeology (B) Paleo Archaeology

(C) Palanontology (D) Cognitive Archaeology

99. مشہور مورخ رچرڈ ایٹن (Richard Eaton) عہد وسطیٰ ہندوستان کی تاریخ کے کس شعبہ میں اپنی غیر نمایاں خدمات کے لیے جانے جاتے ہیں۔

(A) مسکوکات (Numismatics) (B) کتبات (Epigraphy)

(C) آثار قدیمہ (Archaelogy) (D) عہد وسطیٰ کی سماجی اور ثقافتی تاریخ

100. یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (University Grants Commission) کے اپنی Anti-Plagiarism ضوابط Anti-Plagiarism Regulation کس سال لایا گیا۔

(A) 2014 (B) 2015

(C) 2016 (D) 2018

☆☆☆

Rough Work